فوری ریلیز کے لیے: 26/10/2022 **گورنر *KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL نے اس موسمِ خزاں اور موسمِ سرما میں تنفسی امراض سے نیویارک کے باشندوں کے تحفظ کے لیے اقدامات کا اعلان کیا ہے***

***نیویارک کے ریاستی محکمۂ صحت نے COVID-19، موسمی فلُو اور کثیر نواتی خلیوں پر مشتمل تنفسی وائرس کے کیسز میں اضافے؛ بعض علاقوں میں ہسپتال کی گنجائش محدود ہونے کے بارے میں خبردار کیا ہے***

***گورنر نے فلُو کا ٹیکہ لگوایا اور نیویارک کے باشندوں کو بھی موسمِ سرما کے مہینوں کے دوران فلُو اور*** **COVID-19 کی ویکسینیشنز کروانے اور بوسٹرز لگوانے کے ساتھ فاصلہ رکھنے، ماسک پہننے اور حفظانِ صحت کے اصولوں پر کاربند رہنے کی ترغیب دی**

گورنر Kathy Hochul نے آج نیویارک کے باشندوں کی آگہی میں اضافے اور اس موسمِ خزاں میں پھیلنے والے اور پورے موسمِ سرما میں متوقع طور پر جاری رہنے والے تنفسی وائرس کے انفیکشنز کے خلاف ان کے تحفظ کی خاطر نیویارک کے ریاستی محکمۂ صحت کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات کا اعلان کیا۔ صحت کے افسران کی عوام سے گزارش ہے کہ وہ متعدی مرض کے پھیلاؤ کی روک تھام کے لیے کیے جانے والے اقدامات پر عمل پیرا ہوں کیونکہ نیویارک کے اکثر باشندوں کے مزید سرد موسم کے باعث درونِ خانہ وقت گزارنے کے سبب موسمی زکام، COVID-19 اور کثیر نواتی خلیوں پر مشتمل تنفسی وائرس کے کیسوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔

"ہم جان لیوا تنفسی امراض کے خلاف جنگ میں کسی صورت پیچھے نہیں ہٹ رہے — ہم موسمِ سرما کے لیے تیاری کرتے آئے ہیں، اور ہم تیار ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ریاست نیویارک ہسپتالوں اور صحت کے مقامی محکمہ جات کو رہنمائی فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے تاکہ ہم نیویارک کے باشندوں کے محفوظ اور صحت مند ہونے کو یقینی بنا سکیں۔ تنفسی امراض سے اپنی اور نیویارک کے ساتھی باشندوں کی حفاظت کے سلسلے میں ہمارا بہترین اقدام ویکسین لگوانے، بوسٹرز کے حوالے سے اپ ٹو ڈیٹ رہنے، اور حفظانِ صحت کے بہتر اصولوں پر عمل پیرا ہونے کی صورت میں جاری رہتا ہے۔"

گورنر Hochul نے آج موسمی فلُو کے لیے ٹیکہ لگوایا اور نیویارک کے دیگر باشندوں کو بھی انفیکشن کے خلاف حفاظت کے لیے اس سال کی فلُو کی ویکسن لگوانے کی تاکید کی۔ فلُو ویکسین 6 ماہ یا اس سے زائد عمر کے کسی بھی بچے کے لیے دستیاب ہے، اور دائمی امراض کے شکار افراد، چھوٹے بچوں، اور حاملہ خواتین جیسے افراد کے لیے پُرزور طور پر تجویز کی جاتی ہے - کیونکہ یہ تمام لوگ فلُو کے باعث سنگین پیچیدگیاں پیدا ہونے کے شدید خطرے کی زد میں ہوتے ہیں۔

اس موسمِ خزاں کے آغاز میں، ریاستی محکمۂ صحت (Department of Health, DOH) نے تنفسی امراض کے حوالے سے ہسپتالوں، صحت کے مقامی محکمہ جات، لیبارٹریوں، ایمرجنسی رُومز، اور خاندانی ادویات کے فراہم کاران، ابتدائی نگہداشت، امراضِ اطفال، بالغان کے شعبہ میڈیشن، متعدی مرض، نیورولوجی، اور انفیکشن کنٹرول کرنے والے پریکٹیشنرز کے لیے ایک ہیلتھ ایڈوائزری نوٹس جاری کیا۔ کسی خاص وائرس کے لیے تخصیص کے بغیر، نوٹس میں ان اقسام کے امراض کے باعث ہسپتالوں میں داخلوں کی تعداد میں اضافے اور اس حوالے سے وفاقی ذرائع کو نمایاں کیا گیا۔

تنفسی وائرسز کے خلاف موسمی فلُو اور COVID ویکسینز لگوانا، COVID-19 بوسٹرز کے حوالے سے آگاہ رہنا (بشمول اہل افراد کے لیے حالیہ اجازت یافتہ COVID-19 بائی ویلنٹ بوسٹرز)، سماجی فاصلہ بندی کا اہتمام، پُرہجوم مقامات پر ماسک پہننا، اور متواتر ہاتھ دھونے سمیت، حفظانِ صحت کے مناسب اصولوں پر عمل پیرا ہونا بہترین مدافعانہ طرزِ عمل ہے۔

DOH علاقائی ہسپتالوں کی گنجائش کی نگرانی کر رہا ہے اور ان ہسپتال اور نگہداشتِ صحت کے نظاموں کو شاملِ عمل کر رہا ہے جو اپنے ہنگامی شعبہ جات اور اندرون مریضاں کے یونٹس میں ممکنہ طور پر عمومی تعداد سے زیادہ مریضوں کا معائنہ کریں گے۔ اگر آپ کی طبیعت ناساز ہے اور آپ میں تنفسی وائرس کی علامات ظاہر ہو رہی ہیں، تو اپنے ابتدائی نگہداشت فراہم کار سے مشورہ کریں۔

**نیویارک کے ریاستی محکمۂ صحت کی کمشنر Dr. Mary T. Bassett نے کہا،** "چونکہ تنفسی وائرس بشمول COVID-19، زکام، اور کثیر نواتی خلیوں پر مشتمل تنفسی وائرس (respiratory syncytial virus, RSV) کے موسم کا آغاز ہو چکا ہے، لہٰذا ممکن ہے کہ تینوں امراض کی علامات ناقابلِ شناخت ہوں، اور بڑی عمر کے بچوں کی وسیع اکثریت میں یہ امراض معمولی نوعیت کے ہوتے ہیں۔ چونکہ ہم RSV ویکسین کے انتظار میں ہیں، لہٰذا والدین اور سرپرستگان کے لیے ہمارے دو واضح پیغامات ہیں: اپنے بچے کی COVID-19 ویکسینیشن کے حالیہ ترین ہونے کو یقینی بنائیں، اور 6 ماہ یا اس سے زائد عمر کے بچوں کو فلُو کا ٹیکہ لگوائیں۔ خواہ آپ کا بچہ بیمار نہ بھی ہو، حفاظتی ٹیکوں کے اثر سے مرض کی شدت میں کمی دیکھی گئی ہے۔ اگر آپ اپنے بچے کے بارے میں فکرمند ہیں، تو کسی ماہرِ امراضِ اطفال یا نگہداشتِ صحت کے دیگر کسی ماہر شخص سے بات کریں۔ اگر آپ کے بچے کی قبل از وقت ولادت ہوئی ہے یا بصورتِ دیگر کمزور ہے، تو آپ کو بروقت طبی مشورہ طلب کر لینا چاہیئے۔"

**کثیر نواتی خلیوں پر مشتمل تنفسی وائرس**

کثیر نواتی خلیوں پر مشتمل تنفسی وائرس ایک موسمی انفیکشن ہے جو ایسے عام زکام جیسی علامات کے ساتھ، 6 ماہ سے کم عمر شیرخوار بچوں اور ناقص مدافعتی نظام کے حامل افراد کو خطرے سے دوچار کرتا ہے، جس کی حد مسلسل کھانسی سے لے کر سانس میں خرخراہٹ اور بخار تک ہوتی ہے۔ اگرچہ یہ عمومی وائرس بالعموم موسمِ خزاں اور موسمِ سرما کے مہینوں کے دوران پھیلتا ہے، مگر اس سال کے شروع میں نیویارک میں RSV کیسز DOH کے افسران کے مشاہدے میں آئے ہیں۔

RSV کے حوالے سے آگہی میں اضافے کی غرض سے، DOH نگہداشتِ صحت اور نگہداشتِ اطفال کے فراہم کاران کو معلوماتی انتباہ فراہم کرے گا، جس کے ہمراہ دونوں کے ساتھ گفتگو کے سلسلے میں آگہی اور تحفظ کے حوالے سے پیغام رسانی شامل ہو گی۔ DOH Dr. Bassett کی جانب سے ایک ویڈیو پیغام کے ذریعے پیغام کی تشہیر کے لیے سوشل میڈیا کا استعمال بھی کرے گا اور یہ اپنی ویب سائٹ پر معلومات کو اپ ڈیٹ کر رہا ہے تاکہ اس سمیت وائرس والے دیگر تنفسی امراض کی منتقلی کے حوالے سے اہم معلومات شامل کی جائیں۔

چونکہ RSV کے لیے کوئی ویکسین موجود نہیں ہے، لہٰذا اس کی ٹیسٹنگ اور علاج کا بیمہ کے ذریعے احاطہ کیا جاتا ہے۔ RSV کی کوریج یا دیگر کسی بھی ضروری طبی نگہداشت کے مسائل کے شکار نیویارک کے باشندے ریاست نیویارک کے محکمہ برائے مالیاتی خدمات (Department of Financial Services) کے پاس شکایت درج کروا سکتے ہیں۔

**موسمی زکام**

RSV کے ساتھ، ابتدائی ڈیٹا اس سال فلُو کے موسم کے خلافِ معمول جلد شروع ہونے کو ظاہر کرتا ہے، جس کی وجہ سے DOH نیویارک کے باشندوں کو سالانہ فلُو کا ٹیکہ لگوانے میں تاخیر سے بچنے کی تاکید کرتا ہے۔ ایجنسی ایک ہفتہ وار ٹریکر کو برقرار رکھتی ہے جس میں فلُو کی نگرانی کے موسم، جو کہ اکتوبر سے لے کر آئندہ کیلنڈر سال کے مئی کے مہینے تک رہتا ہے، اس کے دوران ریاست بھر سے فلُو کے کیسز ڈسپلے ہوتے ہیں۔

رواں ماہ کے آغاز میں DOH نے اپنی [سالانہ عوامی آگاہی مہم](#) کا آغاز کیا، جو بالغ افراد اور والدین کو یہ یاددہانی کرواتی ہے کہ وہ خود اور 6 ماہ اور اس سے زائد عمر کے بچوں کو فلُو اور COVID-19 دونوں کے ٹیکے لگوائیں۔ غیر محتاط اندازے کے مطابق، 26 اکتوبر سے زکام کے 3 ملین ٹیکے لگائے جا چکے ہیں۔

## COVID-19

ساتھ ہی ساتھ، نیویارک ریاست COVID-19 کے انفیکشنز میں اضافے کی روک تھام کے لیے اقدامات کر رہی ہے، جن میں متواتر دو سالوں سے موسمِ خزاں اور موسمِ سرما کے مہینوں کے دوران تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔ اگرچہ ہسپتال میں داخل مریضوں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے اور ہر علاقے میں کیسز کی تعداد 100,000 میں اب تقریباً دو اور تین کے درمیان ہیں - تاہم ہر علاقے کے اندر کیسوں کی شدت میں اب - فی 100,000 افراد میں تقریباً 10 سے 25 افراد تک کمی لا کر، تعداد میں اعتدال لایا گیا ہے۔

COVID-19 کا زدپذیر طبقات، بشمول بزرگ بالغ افراد اور ناقص مدافعتی قوت کے حامل افراد پر مسلسل غیر متناسب اثر جاری ہے۔ گزشتہ آٹھ ہفتوں کے دوران، COVID کے باعث ہسپتالوں میں داخل ہونے والے 60 فیصد افراد ایسے مریض ہیں جن کی عمر 65 سال یا اس سے زائد ہے۔

گزشتہ موسمِ گرما کے دوران ترتیب دیے گئے موسمِ خزاں کے ایکشن پلان کے مطابق، DOH نے اس موسمِ خزاں اور موسمِ سرما میں انفیکشنز میں ممکنہ اضافے کی روک تھام کے لیے ریاستی تیاری کو بڑھانے کے لیے اقدامات اٹھانے کا عمل مسلسل جاری رکھا ہے۔ گھر پر 2.6 ملین سے زائد COVID-19 کے ٹیسٹس ریاست بھر کے سکولوں میں تقسیم کیے گئے، جبکہ اگلے سال 30 ملین سے زائد دیگر ٹیسٹس بھی دستیاب ہوں گے۔

ایجنسی فراہم کاران سمیت صحت کے مقامی محکمہ جات کے ساتھ بھی مل کر کام کر رہی ہے تاکہ COVID-19 ویکسینیشن اور بائی ویلنٹ بوسٹرز کی ترغیب دے سکے، جو کہ 5 سال یا اس سے زائد عمر کے بچوں میں انفیکشن کے خلاف حفاظت کے لیے انہیں لگائے جا سکتے ہیں۔ فلُو اور COVID-19 ویکسینز لگوانے کے علاوہ، اس موسمِ خزاں اور موسمِ سرما کے دوران RSV، فلُو، اور COVID-19 وائرسز کا شکار ہونے اور ان کے پھیلاؤ سے بچنے کے لیے کچھ عملی طریقے بھی کارگر ہیں:

- کم از کم 20 سیکنڈ تک اپنے ہاتھوں کو صابن اور گرم پانی سے اکثر دھوئیں تاکہ آپ خود بھی جراثیم سے محفوظ رہ سکیں اور دوسروں میں بھی ان کے پھیلاؤ کو روک سکیں۔
- اپنے ساتھ الکحل پر مبنی ہینڈ سینیٹائزر رکھیں جس میں کم از کم 60 فیصد الکحل شامل ہو تاکہ صابن اور پانی دستیاب نہ ہونے کی صورت میں آپ اسے استعمال کر سکیں۔
- اپنے ہاتھوں میں کھانسنے یا چھینکنے سے گریز کریں۔ اس کے بجائے اپنے منہ اور ناک کو ٹشو سے ڈھانپیں۔
- بیمار ہونے کی صورت میں گھر پر رہیں۔
- اگر آپ میں علامات ظاہر ہوئی ہیں، تو ایسا ماسک پہنیں جو آپ کی ناک اور منہ کو ڈھانپ سکے۔

COVID-19 کی منتقلی کی جانچ کے لیے DOH گندے پانی کی مسلسل کڑی نگرانی کر رہا ہے، جو صحت کے افسران کو ریاست بھر میں ممکنہ اضافوں کا پتہ لگانے میں مدد دے گی۔ اسی طرح، ایجنسی اضافی پاپ اپس کے قیام کے لیے صحت کے مقامی محکمہ جات کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہے گی تاکہ جہاں ویکسینیشنز کی شرحیں کم ہوں، وہاں کمیونٹیز کو یہ اہم حفاظت فراہم کی جا سکے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418